# قرض کی ادائیگی کی دعا

علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ان کے پاس ایک مُکَاتب (وہ غلام جس نے اپنے مالک سے آزادی کے لئے رقم کی ادائیگی کا معاہدہ کیا ہو) نے آکر عرض کیا کہ میں اپنی مقررہ رقم دینے سے عاجز ہوں، آپ میری مدد فرمائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا کہ میں تمہیں اس بارے میں وہ دعا سکھاتا ہوں جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا تھا اگر تم پر پہاڑ جیسا قرض بھی ہو گا تو اس کی برکت سے اللہ ادا کرا دے گا۔ یہ دعا پڑھو

"اللَّهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ "

"اے اللہ تو مجھے اپنا حلال رزق دے کر حرام سے بچا دے، اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے"۔ (ترمذی)